آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 04 ستمبر 2021ء بمطابق 26 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ نمبر 225

پاکستان فیٹیف گرے لسٹ سے نکلنے کا خواہشمند ہے

شاہ محمود قریشی

ہم نے ای ایس ڈی جے ہام سے ایک نیا پلیٹ فارم قائم کیا ہے اس پلیٹ فارم سے ہم باہمی تعلقات کو مزید بہتر بنائیں گے۔ افغانستان کی فتح انتہائی تیز رفتار تھی، کشمیر پر پاکستان اور بھارت کو مثبت اور تعمیری مذاکرات کرنے چاہئے

جلد اسلام آباد میں اس کا پہلا اجلاس ہوگا ہم افغانستان میں امن کے کیے شراکت داری چاہتے ہیں افغانستان میں متوقع اقدامات پر دونوں ممالک کی باہم مماثلت ہے پاکستان ایف اے ٹی ایف پر گرے لسٹ سے نکلنے کا خواہشمند ہے

افغانستان میں کوئی فیورٹ نہیں ہم نے دھائیوں میں یہ سبق سیکھا ہے، افغان عوام کی جس کو حمایت ہوگی وہی افغانستان میں حکومت بنائے گا، وزیر خارجہ کا برطانوی ہم منصب کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ افغانستان ہمارا ہمسایہ ہے ہم دوحہ میں امن عمل کی سہولت کاری کرتے رہے ہمارا افغانستان میں کوئی فیورٹ نہیں ہم نے دھائیوں میں یہ سبق سیکھا ہے، پاکستان ایف اے ٹی ایف پر گرے لسٹ سے نکلنے کا خواہشمند ہے، جس کو افغان عوام کی حمایت حاصل ہوگی وہی حکومت بنائے گا، جبکہ برطانوی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ افغانستان کی فتح انتہائی تیز رفتار تھی، کشمیر پر پاکستان اور بھارت کو مثبت اور تعمیری مذاکرات کرنے چاہئے۔ جمعہ کے روز برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب کی ملاقات کے بعد انکے ہمراہ وزارت خارجہ میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب کے طلباء سے گورنر ہاؤس کے دورے کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

کوئی بھی ملک غریبوں کے سمندر کے ساتھ ترقی نہیں کر سکتا ہے

وزیراعظم

نیا پاکستان بٹن دبانے سے نہیں، نظام، مائنڈ سیٹ کی تبدیلی سے بنے گا، ایف بی آر میں اصلاحات لانے کی کوشش کر رہے ہیں، پاکستان میں نچلے طبقے کے لیے کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی

حکومت کی پالیسی ایسی ہو کہ جو طبقہ گزشتہ 70 برسوں سے نیچے چلا گیا ہے، تعمیراتی شعبے کی مدد کریں گے، آپ ٹیکس دیں، کورونا کے دوران آئی ایم ایف سربراہ کو فون کر کے کنسٹرکشن سیکٹر کے لیے رعایت لی

کم قیمت مکان ہمارے ملک کی ضرورت ہے، لوگ جنت میں جانا چاہتے ہیں، مگر جنت میں جانے کے لیے لوگوں نے اچھے اعمال نہیں لانے، وزیراعظم کا کنسٹرکشن ایکسپو 2021 کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ نیا پاکستان بٹن دبانے سے نہیں، نظام، مائنڈ سیٹ کی تبدیلی سے بنے گا، تبدیلی جدوجہد کا نام ہے، سسٹم بدلنے میں وقت لگتا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات لانے کی کوشش کر رہے ہیں، کوئی بھی ملک غریبوں کے سمندر کے ساتھ ترقی نہیں کر سکتا ہے، پاکستان میں نچلے طبقے کے لیے کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ اسلام آباد میں کنسٹرکشن ایکسپو 2021 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ہم نے دو سال لگا کر عدالتوں سے فور کلوزر منظور کروایا، اب بینکوں کو گھروں کی فنانسنگ کے لیے راستہ کھل جائے گا۔ پھر ہماری 22 کروڑ آبادی اثاثہ بن جائے گی کیونکہ طلب میں اضافہ ہوگا، جس کے بعد صنعت ترقی کرے گی اور اس سے منسلک تمام کاروبار

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کورونا سے مزید 57 افراد جاں بحق، شرح 6.33 فیصد ریکارڈ

24 گھنٹوں میں 3787 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی، این سی او سی

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں کورونا وائرس سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید 57 افراد انتقال کر گئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک میں کورونا کی تشخیص کے لیے 59 ہزار 745 ٹیسٹ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:30
مغرب	7:20
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

حکومت پاکستان سرمایہ کاروں کے لیے آسانیاں پیدا کر رہی ہے، عمران خان

سیاحت کے فروغ کے لیے بیرونی ممالک سے کمرشل ایئر لائنز کی سرمایہ کاری کو خوش آمدید کہتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان سرمایہ کاروں کے لیے آسانیاں پیدا کر رہی ہے، چاہتے ہیں کہ پاکستان سرمایہ کاروں کی ترجیحی منزل ہو۔ وزیراعظم سے ایئر عربیہ گروپ کے چیرمین شیخ عبداللہ بن محمد الثانی نے اسلام

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

افغان طالبان پر اثر و رسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں، فواد چوہدری

ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان میں حالات مستحکم رہیں، وزیراعظم نے اشرف غنی کو الیکشن نہ کرانے کی تجویز دی تھی

افغان معاملے میں پاکستان کی تجویز کو پہلے کبھی نہیں سنا گیا، پاکستان کی تجویز کو سنا جاتا تو حالات مختلف ہوتے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ افغان طالبان پر اثر و رسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ہے۔ وزیراعظم نے اشرف غنی کو الیکشن نہ کرانے کی تجویز دی تھی لیکن انہوں نے نہیں مانی تھی۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ افغانستان میں ایسی صورتحال نہیں ہے کہ لوگ ملک چھوڑ کر نکل جائیں جب کہ ابھی تک افغان مہاجرین بھی پاکستان میں داخل نہیں ہوئے، ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان میں حالات مستحکم رہیں، افغان طالبان

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

خوراک و ادویات: متحدہ عرب امارات نے 60 ٹن امداد افغانستان بھجوا دی

ابوظہبی (آن لائن) متحدہ عرب امارات نے افغانستان کے لیے 60 ٹن خوراک اور ادویات پر مشتمل امدادی سامان پہنچا دیا۔ طالبان ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کی جانب سے تصدیق کی گئی ہے کہ متحدہ عرب امارات کا طیارہ کابل ایئر پورٹ لینڈ کر گیا جس میں امدادی سامان لایا گیا۔ یو اے ای کی جانب سے 60 ٹن

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیراعظم، آرمی چیف، وزیر خارجہ سے ملاقاتیں کرینگے

اطالوی وزیر خارجہ لیوگی ڈی مائیو پچ کو پاکستان پہنچیں گے، پاکستان اور اٹلی کے درمیان دفود کی سطح پر مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) اطالوی وزیر خارجہ لیوگی ڈی مائیو پچ کو پاکستان پہنچیں گے۔ وزیر خارجہ کے طور پر لیوگی ڈی مائیو کا یہ پہلا دورہ پاکستان ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اطالوی وزیر خارجہ دو روزہ دورہ پاکستان میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے ملاقات کریں گے۔

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جماعت اسلامی، جماعت دعوۃ کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے سید علی گیلانی مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ادا

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی، جماعت دعوۃ کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے عظیم کشمیری مجاہد رہنما سید علی گیلانی مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ہوا اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی، جماعت دعوۃ کے صوبائی امیر مولانا رانا اشفاق احمد، جماعت اسلامی اسلامی کے صوبائی نائب امیر مولانا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 7 ستمبر کو طلب کر لیا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 7 ستمبر کو طلب کر لیا گیا ایوان کی صدارت سپیکر بلوچستان

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج و غم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

دکی: گورنمنٹ انٹر ڈگری کالج سیکنڈ ائیر کے 112 غیر حاضر طلبا کو طویل غیر حاضری پر نام کاٹ سے خارج کر دیئے گئے

دکی (آن لائن) گورنمنٹ انٹر ڈگری کالج دکی کے اطلاعیے میں کہا گیا ہے کہ سیکنڈ ائیر کے 112 غیر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی کا سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی نے بی این پی مینگل کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

علی گیلانی کے جسد خاکی کو چھیننا بھارتی حکمرانوں کا پاگل پن ہے: شہباز شریف

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ ن کے صدر و اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی شہباز شریف نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

گلگت بلتستان کے آئینی پیکیج کا دوسرا مسودہ وزیراعظم کو ارسال

اسلام آباد (آن لائن) گلگت بلتستان کے آئینی پیکیج کا دوسرا مسودہ وزیراعظم عمران خان کو بھجوا دیا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

صدر مملکت نے ڈاکٹر رضوان آپل کو ایکسی لینس اینڈ ہیلتھ کیئر ایوارڈ سے نوازا دیا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے صحت کے شعبے میں بہترین خدمات سرانجام

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سید علی گیلانی کی فیصل مسجد میں غائبانہ نماز جنازہ، صدر مملکت، ڈی جی آئی ایس آئی و دیگر کی شرکت

اسلام آباد (آن لائن) حریت رہنما سید علی گیلانی کی غائبانہ نماز جنازہ فیصل مسجد میں ادا کر دی گئی

بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

سید علی گیلانی کی نعش کیساتھ غیر انسانی سلوک پاکستان کا شدید احتجاج

بھارتی حکومت کا یہ عمل بین الاقوامی قانون بنیادی انسانی شہری اور انسانی حقوق کے تمام اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ بھارتی قابض افواج بار بار کشمیریوں کے خلاف طاقت کا اندھا دھند استعمال کر رہی ہیں

حریت قیادت بھارت کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں اپنے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں، بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی، پاکستان کا شدید احتجاج ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) بھارتی ناظم الامور کو دفتر خارجہ میں طلب کر کے کشمیری رہنما سید علی گیلانی کی وفات کے بعد قابل مذمت رویہ پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا اور احتجاجی مراسلہ تھمایا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ عاصم افتخار کے مطابق اہل کشمیری راہنما و حریت پسند سید علی گیلانی کی نعش کے ساتھ غیر انسانی سلوک پر پاکستان نے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا ہے۔ بھارتی قابض افواج کی جانب سے کشمیری رہنما سید علی شاہ گیلانی کی لاش کی بے رحمانہ اور غیر انسانی سلوک پر پاکستان کے سخت موقف سے آگاہ کیا۔ ترجمان کا کہنا تھا بھارتی قابض فوج کی جانب سے سید علی شاہ گیلانی کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

معاشرے کی ترقی کیلئے تعلیمی اداروں کا اہم حصہ ہے

اکبر حسین درانی

ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لئے تعلیم یافتہ افراد قوت ناگزیر ہے، وفاقی سیکرٹری انسداد منشیات اکبر حسین درانی کا جامعہ بلوچستان کا دورہ

جامعہ کے تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، مجموعی طور پر صوبے کے تعلیمی نظام، مستقبل کے تعلیمی نظام، ترقیاتی منصوبے سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی سیکرٹری انسداد منشیات اکبر حسین درانی نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے انکے چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر جان وش کریم، ولی الرحمان، ڈاکٹر عین الدین، جامعہ کے رجسٹرار محمد کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران جامعہ کے تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، مجموعی طور پر صوبے کے تعلیمی نظام، مستقبل کے تعلیمی نظام، ترقیاتی منصوبے سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری نے کہا کہ جامعہ بلوچستان صوبے میں علم و تحقیق کو فروغ دینے سمیت شعور آگاہی کو پروان چڑھانے اور کارآمد انسانی و سماجی معاشرے کو فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ کیونکہ معاشرے کی ترقی و بہتری کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم حصہ رہا ہے۔ اور ہمیں اپنے ملک و صوبے کو ترقی سے ہمکنار کرنے، نوجوان نسل کو بہتر سمت کی جانب راغب اور برائی کے خاتمے کے لئے علم و شعور کو فروغ دینے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کو ممکن بنا کر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

افغانستان، پنجشیر وادی میں لڑائی میں شدت

کچھ علاقہ پر قبضہ کر لیا، قومی مزاحمتی محاذ کو 'بھاری' نقصان پہنچایا ہے، طالبان

وادی کے تمام داخلی راستوں پر کنٹرول، طالبان کے سینکڑوں جنگجو ہلاک ہو گئے ہیں، قومی مزاحمتی محاذ کا دعویٰ

کابل (آن لائن) افغانستان کی وادی پنجشیر میں طالبان خونریز اور مزاحمتی گروپوں کے درمیان شدید لڑائی کی اطلاعات ہیں۔ طالبان نے کہا کہ انھوں نے کچھ علاقہ پر قبضہ کر لیا ہے اور قومی مزاحمتی محاذ کو 'بھاری' نقصان پہنچایا ہے۔ جبکہ فرنٹ کا کہنا ہے کہ اس کا وادی کے تمام داخلی راستوں پر کنٹرول ہے اور طالبان کے سینکڑوں جنگجو ہلاک ہو گئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ مذاکرات ناکام ہونے کے بعد جنگجو پنجشیر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ مینگل کی میت بیلا پہنچنے پر استقبال پھولوں کی پتیاں نچھاور

بیلہ (آن لائن) بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ بزرگ سیاست دان سردار عطاء اللہ مینگل کی میت بیلا پہنچنے پر استقبال میت پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں تفصیل کے مطابق بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ بزرگ سیاست دان بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار عطاء اللہ مینگل کی میت کراچی سے بیلا پہنچنے پر بی این پی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

دنیا بھر میں آزادی کی تحریکوں کی حمایت کرتے رہے ہیں

فضل الرحمن

آزادی صحافت کیلئے میڈیا کے ساتھ کھڑے تھے اور ساتھ کھڑے رہیں گے، صحافت اور جمہوریت لازم و ملزوم ہیں

حکومت کی جانب سے مجوزہ پاکستان میڈیا ڈیولپمنٹ اتھارٹی بل دراصل میڈیا کا گلہ گھونٹنے کی کوشش ہے، چیئرمین پی ڈی ایم

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ اور چیئرمین پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ صحافت ایک امانت ہے اور امانت کیلئے دیانت کی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومت کی جانب سے مجوزہ پاکستان میڈیا ڈیولپمنٹ اتھارٹی بل دراصل میڈیا کا گلہ گھونٹنے کی کوشش ہے۔ آزادی صحافت کیلئے میڈیا کے ساتھ کھڑے تھے اور ساتھ کھڑے رہیں گے، صحافت اور جمہوریت لازم و ملزوم ہیں۔ آپ نے اپنی حریت اور آزادی کا علم بلند کیا ہے ہم دنیا بھر میں آزادی کی تحریکوں کی حمایت کرتے رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کی دعوت پر نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر انکے ہمراہ پی ایف یو جے کے سیکرٹری جنرل ناصر زیدی، آر آئی یو جے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چیئرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان عبدالباری بڑیچ کا ضلع دکی کا ایک روزہ دورہ

دکی پہنچنے پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان نے انکا مندے تک کے مقام پر پرتپاک استقبال کیا

دکی (آن لائن) چیئرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان عبدالباری بڑیچ نے ضلع دکی کا ایک روزہ دورہ کیا۔ دکی پہنچنے پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان نے انکا مندے تک کے مقام پر پرتپاک استقبال کیا۔ اور انہوں نے بی ایچ یو ناصر آباد کا دورہ کیا۔ انہوں نے بی ایچ یو میں عوام علاج کی فراہمی اور ڈسپنسیز سمیت میڈیسن اور ایم سی ایچ سینٹر چیک کئے۔ جہاں پر میڈیکل افیسر ڈاکٹر محمد قاسم ناصر، میڈیکل کنفیشن فرید اللہ نے انکو بی ایچ یو سے متعلق بریفنگ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لاہور: پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز، ڈپٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کورونا کے بڑھتے رجحان اور انتہائی نگہداشت کی سہولیات پر دباؤ، وزیراعظم کو این سی او سی کی بریفنگ

تعلیمی شعبے کی بندش، انٹرسٹی ٹرانسپورٹ کی آمد و رفت پر پابندی، ان ڈور/آؤٹ ڈور تمام تقریبات پر پابندی عائد

اسلام آباد (آن لائن) کورونا کے بڑھتے ہوئے رجحان اور انتہائی نگہداشت کی سہولیات پر دباؤ کی روشنی میں وزیراعظم کو وفاقی وزیر اسد عمر کی قیادت میں این سی او سی نے بریفنگ دی۔ شرکاء نے پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے منتخب اضلاع کے لیے این پی آئیز کا جائزہ لیا۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے، منتخب اضلاع میں 4 سے 12 ستمبر تک اضافی این پی آئیز نافذ کی جائیں گی۔ ان این پی آئیز کی تفصیلات میں تعلیمی شعبے کی بندش، بیماری کے زیادہ پھیلاؤ والے اضلاع/شہروں میں انٹرسٹی ٹرانسپورٹ کی آمد و رفت پر پابندی، ان ڈور/آؤٹ ڈور تمام تقریبات

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے امور سرمایہ کاری عمر ایوب سے یو این ڈی پی کے نمائندہ ملاقات کر رہے ہیں

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے پبلک ہیلتھ لیبارٹریز کے نیشنل کوآرڈینیٹر کی ملاقات

ملک کا نام نے فخر تعمیر اپنی نوعیت اہمیت کی حامل ہے اور یہ ٹیل ملاقات کے دوران اور بعد از ملاقات تسلسل کے ساتھ ضروری ہے، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعہ کے روز یہاں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کی پبلک ہیلتھ لیبارٹریز کے نیشنل کوآرڈینیٹر کرنل ڈاکٹر امجد، سینئر فارنزک ڈاکٹر سعید احمد اور انچارج پبلک ہیلتھ لیبارٹریز بلوچستان ڈاکٹر حنیف مینگل نے ملاقات کی اور بلوچستان میں پی سی آر لیب کے قیام سے متعلق پیش رفت سے آگاہی دی پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے وفد سے بات

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کورونا فنڈ، عمران صاحب نے 1200 ارب، بزدار نے 15 ارب کی دیہاڑی لگائی، مریم اور نگزیب

مریض اور بیماری کی پانچ سو ارب کی دوائی کھا گئے اور مافیا کی جیبیں بھری جا رہی ہیں، ترجمان ن لیگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کورونا فنڈ میں وفاق میں عمران صاحب نے 1200 ارب اور بزدار نے پنجاب میں 15 ارب کی دیہاڑی لگائی۔ مریض اور بیماری کی پانچ سو ارب کی دوائی کھا گئے اور مافیا کی جیبیں بھری جا رہی ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا آٹا چینی دوائی بجلی گیس ایل این جی سمیت ہر چیز پر یہ حکومت صرف مال بنا تین سال کی فل کارکردگی ہے۔ انہوں نے کہا ہسپتالوں میں ایکسپائر ڈسٹنس لگائے جا رہے ہیں اور مافیا کی جیبیں بھری جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا پنجاب میں کورونا فنڈ میں 15 ارب کی گڑبڑ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی رہنما خورشید شاہ کو دو برس بعد جیل منتقل کر دیا گیا

آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں گرفتار رہنما دو برس سے این آئی سی وی ڈی اسپتال میں زیر علاج تھے

سکھر (آن لائن) پیپلز پارٹی رہنما خورشید شاہ کو دو برس بعد جیل منتقل کر دیا گیا، آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں گرفتار رہنما دو برس سے این آئی سی وی ڈی اسپتال میں زیر علاج تھے، تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید خورشید احمد شاہ جن کو نیب نے دو سال قبل 18 ستمبر کو ایک ارب 23 کروڑ روپے سے زائد آمدن کے اثاثے بنانے کے الزام میں گرفتار کیا تھا انہیں دو سال کے دوران آج پہلی بار سکھر سینٹرل جیل منتقل کر دیا گیا انہیں سکھر کے این آئی سی وی ڈی اسپتال جہاں پر وہ گذشتہ اٹھارہ ماہ سے عارضہ قلب میں مبتلا ہونے کی وجہ سے زیر علاج تھے سے ایمبولینس کے ذریعے سینٹرل جیل لے جایا گیا خورشید شاہ کو دو برس قبل نیب نے اسلام آباد سے گرفتار کیا

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سابق چیئرمین و سابق ایس ڈی اے ڈیولپمنٹ کی بریت کی درخواست مسترد

کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کر دے تاہم معزز سپریم کورٹ چافی بلڑ ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے

سابق چیئرمین نے بحیثیت چیئرمین بی ڈی اے چافی بلڑ ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) معزز احتساب عدالت کوئٹہ نے ریکوڈک کرپشن کیس میں سابق چیئرمین بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی (بی ڈی اے) اور سابق اے سی ایس ڈیولپمنٹ بلوچستان عطا محمد جعفر کی نیب ریفرنس سے بریت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ بی ڈی اے چیئرمین پر بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز کا الزام تھا جس سے قومی خزانہ کو کھربوں روپے کا نقصان پہنچا۔ معزز احتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری 265 K کے تحت بریت کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت کو یہ اختیارات حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کر دے تاہم معزز سپریم کورٹ چافی بلڑ ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے اور چونکہ سابق چیئرمین نے بحیثیت چیئرمین بی ڈی اے چافی بلڑ ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور استغاثہ کی جانب سے ملزم

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

حکومت کا موسم کے لحاظ سے بجلی اور گیس کی قیمتوں کے تعین پر غور

حکومت گھریلو اور کمرشل صارفین کیلئے سیزنل انرجی پرائسنگ کی تجویز لا رہی ہے، وزیر توانائی حماد اظہر

اقدام سے آف پیک سیزن میں بجلی کی کھپت میں اضافہ ہوگا، ٹویٹ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے موسم کے لحاظ سے بجلی اور گیس کی قیمتوں کے تعین کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ اس ضمن میں وفاقی وزیر برائے توانائی حماد اظہر نے کہا ہے کہ حکومت گھریلو اور کمرشل صارفین کے لیے سیزنل انرجی پرائسنگ کی تجویز لا رہی ہے۔ اس اقدام سے آف پیک سیزن میں بجلی کی کھپت میں اضافہ ہوگا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ حکومت کے انڈسٹریل سپورٹ پیکج سے عوام کو ریلیف ملا ہے، اس پیکج

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ترکی، پاکستان سے آنیوالے مسافروں کیلئے قرنطینہ کی شرط ختم

انقرہ (آن لائن) ترکی نے پاکستان سے آنیوالے مسافروں کیلئے قرنطینہ کی شرط ختم کر دی۔ ترک حکام کے مطابق ڈیلیوائچ او سے مصدقہ ویکسین لگوانے والے مسافر قرنطینہ کی لازمی شرط سے مستثنیٰ ہوں گے، مسافروں کو ڈیلیوائچ او تصدیق شدہ ویکسین کی 2 ڈوز لگی ہونی چاہئیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ مسافر دونوں ڈوز لگانے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاکستان کو افغانستان سے کوئی خطرہ نہیں ہے

ذبیح اللہ مجاہد

پاکستان کو یقین دلاتے ہیں اسے افغانستان سے کوئی خطرہ نہیں ہوگا، ہم سیاسی طور پر پاکستان کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں

سی پیک کو افغانستان سے منسلک کر کے اہم تجارتی مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ سی پیک کے توسیعی منصوبے کا خیر مقدم کریں، ترجمان طالبان

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد نے پاکستان کو یقین دہانی کرائی ہے کہ افغان سرزمین ان کی سلامتی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اسلام آباد میں منعقدہ افغان پیتھ فورم کی عالمی کانفرنس سے ویڈیو لنک پر خطاب کرتے ہوئے افغانستان میں قیام امن اور تعمیر و ترقی کے لیے پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ ترجمان طالبان نے کہا ہے کہ افغانستان افغان عوام کے لیے پاکستان کی دیرینہ شراکت کو سراہتا ہے اور امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی افغان قوم کی مدد اور قیام امن کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا افغانستان کی پالیسی یہ ہے کہ ہمسائے ممالک سے اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں۔ حکومت پاکستان سے تعاون کی اپیل کی ہے۔ پاکستان مہاجرین کے مسائل کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کابل اور سلیکٹڈ حکومت نے تین سال کے دوران کرپشن کے سوا اور کوئی کام نہیں کیا ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع، جنرل سیکرٹری سید آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ کابل اور سلیکٹڈ حکومت نے تین سال کے دوران کرپشن کے سوا اور کوئی کام نہیں کیا ہے سانحہ زیارت کے شہداء کمیٹی کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سانحہ زیارت کے شہداء کمیٹی اور مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرے کیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سانحہ زیارت کے شہداء کمیٹی اور مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرے کیے گئے اور حکومت کے خلاف شدید نعرہ بازی کی مطالبہ کیا گیا کہ سانحہ زیارت کے واقعے سے متعلق تمام حقائق کو عوام کے سامنے لایا جائے اور جب تک جوڈیشل کمیشن کے قیام

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

04 ستمبر 2021ء

سسٹم بدلنے میں وقت لگتا ہے

نیا پاکستان بٹن دبانے سے نہیں، نظام، مائنڈ سیٹ کی تبدیلی سے بنے گا، تبدیلی جدوجہد کا نام ہے، سسٹم بدلنے میں وقت لگتا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات لانے کی کوشش کر رہے ہیں، کوئی بھی ملک غریبوں کے سمندر کے ساتھ ترقی نہیں کرسکتا ہے، پاکستان میں نچلے طبقے کے لیے کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ ہم نے دو سال لگا کر عدالتوں سے فور کلوژر منظور کروالیا، اب بینکوں کو گھروں کی فنانسنگ کے لیے راستہ کھل جائے گا۔ پھر ہماری 22 کروڑ آبادی اثاثہ بن جائے گی کیونکہ طلب میں اضافہ ہوگا، جس کے بعد صنعت ترقی کرے گی اور اس سے منسلک تمام کاروبار ترقی کریں گے۔ میری حکومت کی کوشش ہے کہ کیسے ہم اپنے غریب کو اوپر اٹھا سکتے ہیں، جہاں ایک چھوٹا سے طبقہ امیر ہو اور باقی غریبوں کا سمندر ہو تو کوئی بھی ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ ہندوستان اور چین 35 سال پہلے ایک ہی جگہ تھے لیکن آج چین آسمانوں پر ہے جبکہ بھارت میں غربت کا سمندر ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان میں ایک چھوٹا سے طبقہ امیر ہے لیکن باقی لوگ غریب ہیں جبکہ چین نے کروڑوں لوگوں کو غربت سے نکالا اور آج سپر پاور بن گیا۔ پاکستان کو اگر آگے بڑھنا ہے تو مدینہ کی ریاست ہے، ہمارے پیغمبر نے ثابت کیا کہ جس قوم کی دنیا میں کوئی حیثیت نہیں تھی، اس کو بنایا اور پھر اس نے دنیا کی امامت کی پاکستان میں بھی نچلے طبقے کے لیے کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی، انگلش میڈیم ایک چھوٹے سے طبقے کے لیے اور دوسروں کے لیے تعلیم کا الگ نظام بنایا گیا۔ اوپر کے طبقے کو نوکریاں اور باقی اوپر نہیں آسکتے تھے، جب ہم چھوٹے تھے تو سرکاری ہسپتال بہترین چلتے تھے آج صرف نجی ہسپتال پیسے والوں کے علاج کے لیے ہیں اور سرکاری ہسپتالوں کا علاج نیچے چلا گیا۔ حکومت کی پالیسی ایسی ہو کہ جو طبقہ گزشتہ 70 برسوں سے نیچے چلا گیا ہے۔

آرگنائزیشن اور ریاست

منیر احمد بلوچ

2001ء کے اواخر میں دنیا کی 6 مضبوط اور کثیر بجٹ کی حامل خفیہ ایجنسیوں' سی آئی اے، را، موساد، ایم آئی سکس، این ڈی ایس اور جرمنی کی بی این ڈی نے اپنے بے پناہ وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ کابل میں ڈیرے ڈال لیے تھے' جہاں اگلے بیس سال تک ان کے سامنے سب سے بڑا نشانہ پاکستان اور اس کی انٹیلی جنس ایجنسیاں تھیں۔ را نے این ڈی ایس اور موساد کے ساتھ پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ شروع کردی اور اس کیلئے چند ملین نہیں بلکہ اربوں ڈالر کی بارش کی گئی جس کی وجہ سے اب تک پاکستان کے 70 ہزار سے زائد شہری اور دس ہزار کے قریب سیکورٹی سے متعلق اداروں کے افسران اور جوان شہید ہو چکے ہیں، کئی سو ارب ڈالر کا مالی اور تجارتی نقصان الگ ہے' جس نے پاکستان کی معیشت کو ابھی تک سنبھلنے نہیں دیا اور یہ سلسلہ ابھی ختم نہیں ہوا تھا کہ داعش، بی ایل اے، ٹی ٹی پی اور فضل اللہ جیسے گروپوں کی دہشت گردی کا سلسلہ شروع ہو گیا جو پاکستان اب بھی کسی نہ کسی صورت میں بھگت رہا ہے۔ ٹائن ایلون کی جو قیمت پاکستان نے ادا کی ہے' دنیا کے کسی ملک نے نہیں کی۔ پاکستان کے مقابلے میں اس بیس سالہ جنگ میں افغانستان کے 47 ہزار 245 شہری ہلاک ہوئے۔ اقوام متحدہ کے 444 امدادی کارکن اور 72 صحافی ہلاک ہوئے، نیٹو کے 1144 فوجی، افغان فوج اور پولیس کے 66 ہزار اہلکار جبکہ طالبان اور دوسرے عسکری گروہوں کے 51 ہزار جنگجو اس جنگ کا نوالہ بنے۔ بلیک واٹر اور اس جیسی دوسری تنظیموں کے 3846 کنٹریکٹرز اور 2461 امریکی فوج ہلاک ہوئے۔ یہ سب اعداد و شمار ایک ایسے جنگ زدہ ملک کے ہیں جو بیس سال تک مسلسل حالتِ جنگ میں رہا جبکہ ان سب کے برعکس پاکستان اس جنگ میں شریک نہیں تھا بلکہ یہ نہ تو افغانستان پر حملہ آور ہوا اور نہ ہی میدانِ جنگ میں موجود تھا۔

خدا خدا کر کے اب جب افغانستان کا امن بحال ہوا ہے تو بھارت اور اس کے نظریاتی اتحادیوں کو کسی پل چین نہیں مل رہا کیونکہ یہ جانتے ہیں کہ کابل کا امن پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ ہے جو ان کو کسی طور منظور نہیں۔ پاکستان کو اب پہلے سے بھی زیادہ محتاط رہ کر اپنے فیصلے کرنا ہوں گے اور اپنے دفاع کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ پاکستان اور اس کے فیصلہ سازوں کے سامنے مسئلہ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ وہ طالبان کی حکومت کو کس طرح تسلیم کرتے ہیں' جب بھی وہ اس پر سوچ بچار کریں تو ان کے سامنے طالبان نامی کوئی تنظیم نہیں بلکہ افغان حکومت ہونی چاہئے۔ امریکیوں نے جب دنیا بھر کے سامنے اپنی دھونس اور دھاندلی سے اشرف غنی کو لا بٹھایا تھا تو اس وقت پوری دنیا نے امریکا کی خواہشات کے جبر کے سامنے سر جھکاتے ہوئے اشرف غنی کی جس طرح مدد کی' وہ یقیناً ایک غلط فیصلہ تھا کیونکہ اسے تو برائے نام ہی ووٹ ملے تھے۔ اس وقت کہا گیا تھا کہ آپ اشرف غنی کو نہیں بلکہ افغان حکومت کو تسلیم کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس بھی اس وقت یہی دلیل تھی کہ ہم اشرف غنی اور اس کے سرپرست بھارت کے نہیں بلکہ افغان حکومت کے ساتھ چل رہے ہیں۔ اسی طرح آج اگر کوئی طالبان کے ماضی یا اس سے وابستہ واقعات کے حوالے سے ملا ہب؟ اللہ کی سربراہی میں چلنے والی حکومت کو تسلیم کرنے یا اس کے ساتھ چلنے پر اعتراضات اٹھاتا ہے یا یورپی یونین یا کسی دوسرے بلاک کی جانب سے اس فیصلے پر انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں تو میرے خیال میں ہمارے سامنے ایک واضح اور سادہ سا جواب یہ ہونا چاہیے کہ ہم محض افغانستان کی حکومت کو تسلیم کر رہے ہیں اور ہم اس حکومت کے شانہ بشانہ چلنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ یہ امر بھی پیشِ نظر رہنا چاہیے کہ یہ وہ طالبان ہیں جنہیں اقوام متحدہ نے ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد کرنے کے بعد دنیا بھر میں امن کی تلاش اور بات چیت کیلئے سفر کرنے کی اجازت دے رکھی ہے۔ یہ وہی طالبان ہیں جن سے امریکا اور وائٹ ہاؤس نے برابری کی سطح پر مذاکرات کیے اور خود امریکا سمیت دنیا کے متعدد ممالک نے امن کیلئے ان سے مذاکرات کیے۔ یہی وہ طالبان ہیں جو افغانستان میں موجود غیر ملکیوں کے دنیا کے کسی بھی خطے میں جانے کیلئے بھرپور مدد کرتے ہوئے انہیں سکیورٹی بھی فراہم کر رہے ہیں۔ خود ایک وقت کی روکھی سوکھی کھاتے ہوئے وہ تمام غیر ملکیوں کے لیے بھرپور خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔

اشرف غنی اور اس سے قبل حامد کرزئی کی قانونی حیثیت صفر کے برابر ہونے کے باوجود میرٹ سے ہٹ کر ان کی کامیابی کیلئے بے انتہا جتن کیے جا سکتے ہیں تو پھر طالبان کی شکل میں نئی افغان حکومت' جس کے ساتھ افغان عوام کی 90 فیصد سے زائد تعداد نے بھرپور جشن مناتے ہوئے ان کی کابل آمد پر والہانہ استقبال کر کے ان پر اپنی تائیدی مہر ثبت کر دی' کو تسلیم کرنے میں کیا امر مانع ہے؟ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا برطانیہ کے سکائی نیوز کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں یہ کہنا بالکل درست ہے کہ بین الاقوامی برادری کی جانب سے افغانستان کو تنہا چھوڑنا خطرناک آپشن ہوگا کیونکہ یہ دراصل افغان عوام کو چھوڑنے کا باعث بنے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دنیا 1990 کی دہائی میں بھی اس غلطی کی مرتکب ہوئی تھی اور اب عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسا کوئی عمل مت دہرائے۔ کسی تنظیم، جماعت اور آرگنائزیشن کے مقابلے میں ملک اور ریاست کی اہمیت کہیں زیادہ ہوتی ہے اور یہی وہ نکتہ ہے جو طالبان حکومت کو تسلیم کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ موجودہ افغان حکومت سے تعاون کرنا اور اس کی حتی المقدور حمایت اور مدد کرنا ہم پر واجب ہے۔ اس وقت بھارت اور اسرائیل سمیت ان کے اتحادیوں کو سب سے زیادہ جو غم کھائے جا رہا ہے وہ افغانستان میں موجود معدنی ذخائر ہیں، اس میں بھی جس چیز کی انہیں سب سے بہت زیادہ تکلیف اور پریشانی ہے وہ افغانستان میں لیتھیم سمیت دوسری انتہائی قیمتی اور اہم ترین معدنیات کا ہیں۔ دو روز ہوئے' ہندوستان ٹائمز نے افغانستان کے حوالے سے ایک سٹوری "بریک" کرتے ہوئے کہا کہ طالبان میں اس وقت حکومت سازی اور وزارتوں کی تقسیم پر زبردست اختلافات پائے جاتے ہیں۔ ہندوستان ٹائمز کے بقول' حقانی گروپ اور ملا عمر کے صاحبزادے ملا یعقوب میں اس حوالے سے تلخ کلامی بھی ہوئی۔ یہ اس میڈیا کا حال ہے جو اب تک گلبدین حکمت یار کو "طالبان رہنما" لکھ رہا ہے۔ طالبان ترجمان نے ایک بیان میں وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ حقانی گروپ کوئی الگ جماعت نہیں بلکہ طالبان کا حصہ ہے مگر بھارت کے سوشل میڈیا سیل اور ہزاروں کی تعداد میں تخلیق کیے گئے جعلی فیس بک اور ٹویٹر اکاؤنٹس سے وہی کھیل کھیلا جا رہا ہے جو یورپ بھر اور کابل کے صدارتی محل سمیت مختلف بھارتی ہائی کمیشنوں سے فیک نیوز پھیلا کر کھیلا جا رہا ہے۔

پاکستان کو امریکا سے جہاں بہت سے فوائد اور امداد میسر آئی ہے وہیں اس نے مصیبت اور مشکلات کے وقت وہ دھوکے اور پھوکے دیے کہ ان زخموں کی کسک ہے کہ کم ہونے کا نام ہی نہیں لیتی۔ پاکستان نے امریکا کی یقین دہانی پر ہی کشمیر اور اپنی سرحدوں کو سیدھا کرنے کا آسان موقع اس وقت ضائع کر دیا تھا جب 1962ء کی جنگ میں نیفا کے محاذ پر چین بھارت کی گردن دبوچے ہوئے تھا۔ اس وقت پاکستان چاہتا تو بہت کچھ کر سکتا تھا مگر امریکی وعدوں اور یقین دہانیوں پر اس موقع کو ضائع کر دیا گیا۔ اسی طرح 6 ستمبر 1965ء کو جب بھارت اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ لاہور پر حملہ آور ہوا تو امریکا نے پاکستان کی فوجی امداد بند کر دی مگر دوسری طرف بھارت کیلئے تمام دروازے کھول دیے گئے۔ اسی پر بس نہیں، 1971ء میں پاکستان چھٹے بحری بیڑے کا انتظار کرتا رہا مگر ہمارے "دوست" پاکستان کو دولخت کرنے کیلئے بھارت کا ساتھ دے رہے تھے۔ 1979ء کا وہ وقت کسے یاد نہیں جب امریکی صدر جمی کارٹر نے پاکستان کی ہر قسم کی امداد اس شبہ کی بنیاد پر بند کر دی کہ پاکستان بھارت جیسی ایٹمی قوت کا مقابلہ کرنے میں امریکی فنڈز استعمال کر رہا ہے۔ لہٰذا ہمیں امریکا یا یورپ نہیں' اپنے اور علاقائی مفاد کو دیکھتے ہوئے فیصلہ کرنا ہوگا اور وقت کا تقاضا یہی ہے کہ طالبان حکومت کو تسلیم کرتے ہوئے اس کی بھرپور معاونت کی جائے۔

آئین چاند کو چرائیں

سید غلام حیدر شاہ قلندری

چاند اور چاندنی کا موضوع ہمیشہ زیرِ بحث رہا ہے، چاند جہاں روشنی کا سبب ہے، وہیں مذہب کی کتب میں بھی اس کا ذکر کیا گیا ہے، جیسے قرآن پاک میں شمس وقمر کا ذکر ملتا ہے، ایسے ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چاند کے معجزے والے واقعے کو بھی تاریخ میں بڑی اہمیت حاصل ہے، ایسے چاند کو شاعروں نے اپنی شاعری میں اپنے محبوب کے چہرے اور رخسار کو کالے بادلوں میں چھپانے والی چھپن چھپائی کو بیان کیا ہے، جس سے وقت کے مجازی مستانے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں، سسی اور میہار کے قصے کو بھی اندھیرے اور چاندنی راتوں کے عنوان سے سندھ کے صوفی شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی رح نے کا کر لازوال محبت کے داستان کو ہمیشہ کے لئے محفوظ بنا دیا ہے۔

چاند بھی حقیقت میں محبوب کے حسین چہرے کی طرح جب کالے بادلوں میں چھپن چھپائی کرنا شروع کرتا ہے، تو ایک عجیب عاشقانہ دلوں میں تکونی زلزلہ جیسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، کئی مستانے فطری فکروں کے فاصلے طے کرتے دکھتے ہیں، عجب حال ہے فطرت کا، ویسے تو سورج بھی زیادہ روشن ہے، لیکن چاند کا ذکر دلیری کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے، بڑی کہانیاں دلبر اور دلربا کی ملاقاتیں، چاندنی رات میں ایک دوسرے کو ڈھونڈنے کی کہانیاں، ایسے پرانے زمانے میں ہمارے گاؤں کے نوجوانوں کی دری (سندھ میں ایک قسم کا کھیل) اور کبڈی کے کھیل چاند کی چاندنی کے انتظار میں ہوتے تھے، ایسے کسی پڑوس کے بابا کی درگاہ پر ہماری بیچاری عورتیں گھر سے باہر نکلنے کے بہانے تلاش کریں، مطلب کہ چاند خود مجاز سے بھری ہوئی روشنی ہے، اگر اسے گرہن لگتا ہے تو عاشق کا دل ایسے تڑپتا ہے جیسے دیدار کا دلاسہ جدائی میں تبدیل ہونا، پھر بوڑھی عورتوں کے اپنے رسم و رواج اپنی جگہ اور سائنسی بنیادوں پر اور فلکیاتی ماہرین اور ستاروں کے عاملوں کے منطق الگ الگ نمودار ہوتے ہیں، ایسے آجکل اس فطری خوبصورتی کو سائنسدانوں نے آکر آڑے ہاتھوں لیا ہے، ایک خلائی اسٹیشن چاند پر اترے

(جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

بڑا کھیل جاری ہے!

رسول بخش رئیس

امریکہ اور اس کے اتحادی گزشتہ کئی صدیوں کی طویل ترین جنگ آخر کار ختم کر کے اپنے ٹھکانوں کو سدھار چکے ہیں۔ صدر جو بائیڈن کا فیصلہ درست تھا! اگرچہ ان کی فوجی قیادت نے انہیں رام کرنے کی چند ماہ کوشش کی کہ چند ہزار فوجی وہاں رکھیں' جاسوسی کے اڈے قائم رہیں' جنگی ٹھیکے داروں سے کام لیا جائے اور ہمارے قیمتی مشورے کابل انتظامیہ کے شاملِ حال رہیں' تو وہ دن دور نہیں رہے گا جب کابل کے گماشتے طالبان کو شکست دینے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ وہ بہت مخبطے ہوئے سیاست دان اور میرے نزدیک زیرک اور مدبر ہیں۔ ساری زندگی امریکی اور عالمی سیاست کے میدانوں میں گزاری ہے۔ ان کا سوال تھا کہ افغانستان سے نکلنے اور جنگ ختم کرنے کا وہ سہانا موڑ کب آئے گا؟ جواب نہ انہیں ملا اور نہ سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو۔ دونوں کے سیاسی نظریات میں زمین آسمان کا فرق ہے' مگر افغانستان کی "ابدی" جنگ سے جان چھڑانے پر اتفاق تھا۔ شروع ہی میں کچھ آوازیں امریکہ کے اندر اور ان کے اتحادیوں میں سے اٹھیں کہ افغانستان پر لشکر کشی کیے بغیر بھی القاعدہ کے جتھوں اور ان کی قیادت کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکتا ہے۔ ہماری طرف سے بھی یہی موقف تھا' مگر ملک کا نفسیاتی ماحول ایسا تھا کہ قیادت "بدلہ' بدلہ" کے نعرے لگانے لگی تو جنگ کے طبل بھی بجنے لگے۔

بڑی طاقتیں مداخلت کر کے حکومتیں گرا تو سکتی ہیں' مگر موجودہ دور میں کٹھ پتلیوں کے ذریعے زیادہ دیر سیاسی شو برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔ ہمارے امریکی دوستوں میں خود اعتمادی ہے اور انہیں اپنی خیرہ کن ترقی' سائنس اور علمی استعداد پر بہت فخر ہے۔ اپنی طاقت کا گھمنڈ تو ہر بڑی طاقت کو رہا ہے' مگر جسے انگریزی میں ہیوبرس (Hubris) کہتے ہیں' وہ ان میں ضرورت سے زیادہ ہے۔ ان کا خیال ہے کہ طاقت کے زور سے وہ افغانستان میں نئی قوم اور ریاست کی بنیاد رکھیں گے۔ یہ بڑی طاقت جب ریاست سازی کے اتنے بڑے منصوبے میز پر رکھتی ہے تو ہزاروں کی تعداد میں ہر نوع کے ماہرین ہر شعبے سے برسات کے مینڈکوں کی طرح نکل آتے ہیں اور "کیک" پر ایسے ٹوٹ پڑتے ہیں' جیسے ہماری بعض سیاسی جماعتوں کے کارکن کھانوں پر۔ جب لاکھوں ڈالر جیبوں میں بھرے جا رہے ہوں تو کون امریکی قیادت کو یہ مشورہ دے سکتا تھا کہ اول تو افغانستان اور طالبان کا نو گیارہ کے واقعات سے کوئی تعلق نہیں۔ عرب جنگجو جو اس وقت وہاں موجود تھے' وہ امریکی سرد جنگ اور افغان سوویت لڑائی کی پیداوار اور باقیات تھے۔ ریاستی اداروں کی تعمیر یہ استعماری ریاست اپنے تجربے کے مطابق کرتی ہے۔ یہاں بھی امریکی سیاسی نظریات کی جھلک دیکھی جا سکتی ہے' مگر اقتدار کن کے سپرد کیا گیا۔ جنگی سرداروں کے' جن کے ہاتھ طالبان اور افغانستان کے شہریوں کے خون سے رنگے ہوئے تھے۔ ایک طرف امریکہ اور اس کے اتحادی انسانی حقوق کی بات کرتے ہیں' دوسری طرف افغانستان میں طاقت ان کے حوالے کر دی گئی' جنہوں نے ان حقوق کی پامالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ تقریباً دس سال ریاست سازی کی رٹ لگانے کے بعد بیانیہ تبدیل ہوا' کہ نہیں یہ ہمارا "مشن" نہیں ہے۔ اندر کی باتیں سب کو معلوم تھیں۔ طالبان منتیں کرتے رہے کہ وہ ہتھیار ڈالنے کے لیے تیار ہیں' باعزت طریقے سے وہ اقتدار سے دست بردار ہونا چاہتے ہیں۔ امریکی نہ مانے۔ اگر ایسا ہو جاتا تو لاکھوں افغان جانیں بچ جاتیں اور افغانستان اور اس کے پس ماندہ عوام کو تباہ شدہ ملک ورثے میں نہ ملتا۔

برطانیہ کی پہلی افغان جنگ (1939-43) اور امریکہ کی اس بیس سالہ جنگ کے بعد کی صورت حال میں ایک عجیب مماثلت نظر آتی ہے۔ انگریز ہندوستانی فوج کے ساتھ حملہ آور ہوئے تو مقصد وہاں شاہ شجاع کو اقتدار پر بٹھا کر افغانستان کے خارجہ اور داخلہ معاملات کو اپنے ہاتھوں میں رکھنا تھا۔ قندھار میں پہلی جنگ ہوئی' افغانستان کے امیر دوست محمد خان کی فوج کو شکست ہوئی۔ چند ماہ بعد انگریزی فوج کابل کی طرف بڑھی تو خطرے کو بھانپتے ہوئے امیر دوست محمد ملک سے فرار ہو گئے' بخارا میں پناہ لی' مگر وہاں بھی انہیں قید میں ڈال دیا گیا۔ تین سال کے اندر انگریزوں کے خلاف مزاحمت شروع ہوئی تو اس کی قیادت امیر دوست محمد کے بیٹے وزیر اکبر خان نے کی۔ افغانوں کی تاریخ میں وزیر اکبر خان آج تک معتبر نام ہے۔ انگریز فوج کو کابل سے انخلا کے لیے معاہدہ کرنا پڑا کہ جلال آباد اور طورخم تک انہیں پسپائی کا راستہ دیا جائے گا۔ جب نکلے تو موسم سرد تھا۔ تب وہ جہاز نہ تھے' بلکہ تھے ہی نہیں' سفر گھوڑوں پہ اور پیدل تھا۔ چند لوگ ہی بچ پائے تھے۔ امیر دوست محمد خان دوبارہ مسندِ اقتدار پر آ گئے اور ہندوستان کی انگریز حکومت نے ان کے ساتھ معمول کے تعلقات ایک انتقامی فوج کشی کے بعد قائم کر لیے۔ امریکیوں کے انخلا اور انگریزی فوج کی پسپائی میں فرق صرف یہ ہے کہ طالبان نے معاہدے کی پاس داری کی' نکلنے کا پُرامن موقع دیا' ہوائی اڈے کے باہر حفاظتی حصار قائم کیا اور امریکہ کو تاریخ کا سب سے بڑا ہوائی انخلا سترہ دنوں میں مکمل کرنے کی راہ داری دی۔ امیر دوست محمد کی طرح' اب بھی وہی اقتدار میں آ رہے ہیں' جن کو بیس سال پہلے اقتدار سے محروم کیا گیا تھا۔

امریکہ اور باقی دنیا میں اب بحث اس بات پہ نہیں کہ امریکہ کو شکست ہوئی یا نہیں۔ امریکی خود کہہ اور لکھ رہے ہیں کہ انہیں صرف شکست نہیں ہوئی بلکہ ہزیمت کا بھی سامنا کرنا پڑا ہے۔ وہ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ یہ فتح طالبان کی بے مثال مزاحمت کی وجہ سے ہے' جو ہمارے خلاف پہلے ہی سے چھرے' نیزے تیز کیے بیٹھے تھے۔ وہ ملبہ سرحد کے اس پار ڈال کر ہمارے لئے مشکلات پیدا کرنے کی کوششوں میں ہیں۔ وہاں بحث اس بات پہ ہے کہ امریکہ کی بطور عالمی طاقت ساکھ کتنی مجروح ہوئی ہے اور سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ جس طرح اس نے افغانوں' اتحادیوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر گھر کی راہ لی ہے' اس پر دیگر اتحادی کس حد تک بھروسہ کریں گے۔ کچھ تو یہ کہہ کر معاملے کو معمول کا واقعہ قرار دے رہے ہیں کہ ایسے واقعات کا امریکہ کو گزشتہ نصف صدی میں سامنا رہا ہے' اس سے اس کی برتری پر کوئی فرق نہیں پڑا۔ یہ ویسے پرانا سوال ہے جو ویت نام سے انخلا کے وقت سے اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا امریکہ زوال پذیر ہے یا اس کی عالمی اڑان میں کوئی واضح فرق نہیں آیا۔ میرے خیال میں ابھی تک امریکہ کے مقابلے میں کوئی اور طاقت نہیں' نعرے بازی اپنی جگہ۔ اس کی صدی' اس کی صدی فضول بحث ہے۔ آج بھی جسے آپ عالمی طاقت کہتے ہیں' اس کا سرچشمہ امریکہ اور اس کے مغربی اتحادی ہیں۔ مغرب کا کوئی ثانی نہیں۔ دیگر ممالک یعنی چین' جاپان' روس اور ترقی پذیر ممالک ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ صرف اپنی ثقافت' قومیت پرستی اور قومی سیاسی نظام کی قلعی گری کرتے ہیں۔ عالمی سطح پر گزشتہ ایک صدی سے بڑا کھیل تزویراتی نہیں' نظریاتی ہے۔ تزویرات تو اس کا ایک پہلو ہے۔ جرمنی نے ایسے تو نہیں اعلان کیا کہ اگر طالبان نے شریعت نافذ کی تو ان کی طرف سے امداد کی کوئی توقع نہ رکھیں۔ ایران کا حال تو آپ کے سامنے ہے۔ دیکھتے ہیں' طالبان اپنی علیحدہ بستی آباد کرتے ہیں' اور اپنے حال میں رہتے ہیں یا عالمی سیاست کی چھتری تلے آتے ہیں اور ہم جیسی بسر اوقات کرتے ہیں۔

کنول کا پھول

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میں حیران پریشان شل دماغ بکھرے اعصاب کے ساتھ اپنے ساتھی اور سامنے بیٹھی بوڑھی طوائف کو دیکھ رہا تھا میں اپنے ساتھی اور بوڑھی طوائف کی جرات پر حیران تھا کہ وہ عورت کتنے آرام سے بات کر رہی تھی کہ ہمارے گھر اب جسم نوچنے والے درندے گاہک نہیں آ رہے ہیں کوئی دم چلہ وظیفہ کروں کہ گاہک آنا شروع ہو جائیں جسم فروشی کا دھندہ جو بند ہو چکا ہے وہ پھر سے چلنا شروع ہو جائے میری رگوں میں خون کی جگہ بچھو دوڑ رہے تھے' غصے سے میری کنپٹیوں میں آگ دہک رہی تھی کہ مجھے کیا سمجھ کر یہ یہاں لے کر آیا ہے اور یہ بوڑھی عورت جس کی ٹانگیں قبر میں ہیں اس کو جوانی کے بعد بڑھاپے میں بھی آخرت کی فکر نہیں اور یہ جسم فروشی کی پروشن کے لیے دعا کا کہہ رہی تھی پہلے تو میرا دل کیا کہ خوب غصہ نکالوں کہ آپ لوگوں نے مجھے سمجھا کیا ہے آپ کو جرات کیسے ہوئی ایسے مطالبے کی لیکن پھر بزم تصوف کا طالب علم ہونے کے ناطے اولیاء کرام کی رحم دلی تحقیق پروری یاد آئی کہ میں مولوی بن کر تقریر جھاڑ کر ان کو ٹھیک نہیں کر سکتا میں مولوی بن کر خطاب کروں گا اچھائی برائی روزِ محشر کی سختیاں بتاؤں گا تو یہ کسی اور عامل بابے کو بلا لیں گے یہاں مجھے عقل مندی صبر شفقت سے کام لینا ہوگا ان کے ساتھ کچھ وقت گزار کر ان کو راہ راست پر لانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

یہ سوچ کر میں نے خود کو نارمل کرنا شروع کر دیا میرے بکھرے اعصاب نارمل ہونے لگے اب میں آنے والے وقت کے بارے میں سوچ کر دل ہی دل میں فیصلہ کر چکا تھا کہ ان کو راہ راست پر کس طرح لانا ہے اب میں نے خود کو نارمل کر کے آنٹی کو دیکھا اور کہا آپ لوگوں کو رزق کی تنگی ہے تو اللہ تعالیٰ آپ کے لیے رزق کے دروازے ضرور کھولے گا ساتھ اُس نیک بیٹی کی طرف اشارہ کیا اور بولا یہ آپ کے گھر میں مولوی کس طرح پیدا ہو گئی تو ماں بولی اس کو ہمارے جدی پشتی کام سے سخت نفرت ہے پتہ نہیں اس کے کان کس نے بھرے ہیں یہ دن رات ہمیں توبہ کے لیکچر دیتی ہے اب اس کے بھی دھندے کی عمر ہے لیکن یہ دھمکی دیتی ہے کہ ایسی کوئی کوشش اس کے ساتھ کی گئی تو یہ خودکشی کر لے گی یا گھر سے بھاگ جائے گی پانچوں نمازیں وقت پر ادا کرتی ہے روزے رکھتی ہے راتوں کو اٹھ کر لمبی لمبی نمازیں اور دعائیں کرتی ہے اس نے تو ہمارا جینا حرام کر دیا ہے اس کے دماغ سے نیکی کا بھوت نکالیں ورنہ ہم تو بھوکے مر جائیں گے۔

اب میں نے غور سے اُس بیٹی کی طرف دیکھا تو آنکھوں کے حلقے بتا رہے تھے کہ وہ راتوں کو جاگ جاگ کر اپنی باطنی اذیت کو کم کرنے کی کوشش کرتی ہے اب میں اُس کی طرف دیکھ کر بولا بیٹی تم کو لگتا ہے اللہ تعالیٰ سے بہت پیار ہے تو

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ہم ٹیکس کیوں دیں؟

اسد طاہر

یہ امر روزِ روشن کی طرح واضح اور عیاں ہے کہ افرادی اقوام کی تقدیر کے معمار ہوتے ہیں اور ہر فرد ملت کے مقدر کا ستارہ بن کر عالمی افق پر پوری آب و تاب سے چمک کر اپنی روشنی سے نہ صرف اپنے ملک و قوم کی پہچان بنتا ہے بلکہ انسانی زندگیوں میں آسودگی اور خوشحالی کا باعث بھی بنتا ہے۔ جب قوم کا ہر شخص اپنے اندر احساسِ ذمہ داری اور قومی جذبہ اجاگر کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو پھر وہ قوم عالمی برادری میں عزت اور افتخار کی دولت سے سرفراز ہو جاتی ہے۔ اسی حقیقت کو پہچانتے ہوئے امریکی تاریخ کے سب سے کم عمر منتخب ہونے والے صدر جان ایف کینیڈی نے اپنے پہلے صدارتی خطاب کے دوران اپنی قوم کو للکارتے ہوئے کہا تھا "مجھ سے یہ نہ پوچھیں کہ یہ ملک آپ کے لیے کیا کر سکتا ہے بلکہ یہ پوچھیں کہ آپ اس ملک کے لیے کیا کر سکتے ہیں"۔ قومی ذمہ داری اور انفرادی شعور کا کلیدی کردار ہی دراصل کسی بھی قوم کو عظیم سے عظیم تر بنانے کا نسخہ؟ کیمیا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے ہاں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ ہماری معیشت کی مضبوطی اور استحکام کیلئے محصولات کا بڑھنا اور ان میں مسلسل اضافہ لازمی امر ہے، ہم اپنے حصے کا ٹیکس ادا کرنے سے پہلوتہی کرتے ہیں۔ ڈرائنگ روم میں سجی محفلِ یاراں ہو یا کسی چوک چوراہے میں ہونے والی گفتگو، کوئی علمی مباحثہ ہو یا آپس کی غیر رسمی بات چیت' ہر موقع پر یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ ہم ٹیکس کیوں دیں؟ آخر حکومت ہمارے لیے کرتی ہی کیا ہے اور کون سی سہولتیں وہ ہمیں فراہم کر رہی ہے کہ ہم قومی خزانے میں اپنا حصہ ڈالیں اور اپنی آمدنی سے ٹیکس ادا کریں؟ مجھے تعلیمی اداروں، تاجر تنظیموں اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مختلف تقریبات اور سیمینارز میں گفتگو کیلئے مدعو کیا جاتا ہے اور متذکرہ بالا سوال ہمیشہ میرے سامنے رکھا جاتا ہے۔ اگرچہ میں سرکاری حیثیت میں حکومتِ وقت کی نہ تو نمائندگی کر رہا ہوتا ہوں اور نہ ہی ترجمان کی ذمہ داری سرانجام دیتا ہوں بلکہ اپنی ذاتی حیثیت میں ان کے سامنے چند معروضات رکھ کر اس اہم سوال کا جواب دینے کی کوشش کرتا ہوں۔

کیا یہ حقیقت نہیں کہ ہمارے سرکاری سکولوں میں تعلیم بالکل مفت ہے اور انہی اداروں سے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات آج بھی سول سروس سے لے کر ڈاکٹرز، انجینئرز اور دیگر شعبہ جات میں پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں جبکہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں سکول لیول پر ہزاروں اور کالج و یونیورسٹی لیول پر لاکھوں روپے فیس ادا کرنا پڑتی ہے جبکہ عالمی رینکنگ میں آج بھی پاکستان کی صفِ اول کی درسگاہ قائدِ اعظم یونیورسٹی اسلام آباد ہے جہاں درس و تدریس کے اعلیٰ معیار کے علاوہ سائنسی تحقیق پر قابلِ تحسین توجہ دی جا

مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پرخلوص وزیر خارجہ کی حیثیت سے ہمارے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی پر انحصار ہے اور ہم اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں ہم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہم اپنے تعلقات کو مزید بہتر بنائیں گے۔ جلد اسلام آباد میں اس کا پہلا اجلاس ہوگا ہم افغانستان میں امن کے لئے کوشاں ہیں ہم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہم اپنے تعلقات کو مزید بہتر بنائیں گے۔ جلد اسلام آباد میں اس کا پہلا اجلاس ہوگا ہم افغانستان میں امن کے لئے کوشاں ہیں ہم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہم اپنے تعلقات کو مزید بہتر بنائیں گے۔

امریکا میں آئیڈا طوفان نے تباہی مچادی 45 افراد ہلاک

سیلاب کے باعث سینکڑوں پروازیں منسوخ ہوگئیں جب کہ ریاستوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے

نیوجرسی، نیویارک اور من ہٹن میں سیلاب کے باعث بڑی شاہراہیں بند ہوگئیں

نیویارک (آن لائن) امریکا میں سمندری طوفان آئیڈا نے 6 شمالی مشرقی ریاستوں میں تباہی مچادی جس کے نتیجے میں 45 افراد ہلاک ہوگئے۔ سیلاب کے باعث سینکڑوں پروازیں منسوخ ہوگئیں جب کہ ریاستوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔ طوفان آئیڈا امریکا کے مرکزی علاقوں تک آنے والا تاریخ کا پانچواں شدید ترین سمندری طوفان ہے۔ نیویارک میں 12 افراد کی ہلاکت تہہ خانوں سے باہر نہ نکلنے کے باعث ہوئیں، اوزایانا میں آئیڈا طوفان سے عمارتیں تباہ ہونے سے ایک لاکھ سے زائد گھر بجلی سے محروم ہوگئے جب کہ نیوجرسی میں طوفان آئیڈا سے 23 افراد ہلاک ہوگئے۔ خبر ایجنسی کے مطابق نیوجرسی میں کئی علاقے پانی میں ڈوب گئے اور بارش کے باعث زیادہ تر لوگ اپنی گاڑیوں میں پھنس گئے جس بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

وڈھ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی بلال کاکڑ سردار عطاء اللہ مینگل کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے بیٹھے ہیں

دعوت اسلامی کی جدوجہد کے چالیس سال مکمل ہونے پر یوم دعوت اسلامی شان وشوکت سے منایا گیا

پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم مدنی مراکز میں خصوصی سنتوں بھرے اجتماعات کا اہتمام کیا گیا

اجتماع کے دوران نعت خوانوں نے یوم دعوت اسلامی پر لکھا امیر اہل سنت کا تحریر کردہ نیا کلام بھی پڑھا

کوئٹہ (آن لائن) تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوت اسلامی کی جدوجہد کے چالیس سال مکمل ہونے پر یوم دعوت اسلامی شان وشوکت سے منایا گیا، اس موقع پر پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم مدنی مراکز میں خصوصی سنتوں بھرے اجتماعات کا اہتمام کیا گیا جہاں مقامی شخصیات شریک ہوئیں، یوم دعوت اسلامی کا مرکزی اجتماع عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی میں منعقد ہوا جس میں صاحبزادہ عطار مولانا عبید رضا عطاری نگران بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

طلباء کو صحت افزا سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا بھی جامعات کی ذمہ داری ہے، وائس چانسلر بیولمز

بیولمز نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سطح پر بلوچستان اور پاکستان کی پہچان ہے، اکبر حسین درانی

کوئٹہ (آن لائن) طلباء کو تدریسی علوم سے آراستہ کرنے کے ساتھ مثبت معاشرتی رویوں اور صحت افزا سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا بھی جامعات کی ذمہ داری ہے جامعات میں داخل ہوتے ہوئے طلبہ اپنی عمر کے ان مراحل میں ہوتے ہیں جہاں انہیں سب سے زیادہ توجہ اور رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی سے انہیں اپنے مستقبل کی راہ شناسی حاصل ہوتی ہے مستقبل کی حفاظت بہترین علوم کی مستقبل کے ساتھ ساتھ محفوظ اور صحت افزا رویوں کی طرف بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ اور ریڈ زون میں منشیات فروخت ہورہے ہیں، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ، ملک میں منشیات مافیاز سے ہماری نسلیں تباہی سے دوچار ہورہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حامی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حامی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ ملک میں منشیات مافیاز سے ہماری نسلیں تباہی سے دوچار ہورہے ہیں اور سرعام منشیات فروشی کا دھندہ عروج پر ہونے کی وجہ سے لاکھوں گھر تباہ کردیئے ہیں اور بلوچستان ہائی کورٹ اور ریڈ زون میں منشیات فروخت ہورہے ہیں حکومت منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرنے میں بے بس دکھائی دے رہا ہے۔

پنج شیر میں طالبان اور مزاحمتی گروپوں کے درمیان شدید لڑائی

افغانستان، پنجشیر وادی میں لڑائی میں شدت، کچھ علاقہ پر قبضہ کرلیا، قومی مزاحمتی محاذ کو بھاری نقصان پہنچایا ہے، طالبان

وادی کے تمام داخلی راستوں پر کنٹرول، طالبان کے سینکڑوں جنگجو ہلاک ہوگئے ہیں، قومی مزاحمتی محاذ کا دعویٰ

کابل (آن لائن) افغانستان کی وادی پنجشیر میں طالبان فورسز اور مزاحمتی گروپوں کے درمیان شدید لڑائی کی اطلاعات ہیں۔ طالبان نے کہا کہ انھوں نے کچھ علاقہ پر قبضہ کرلیا ہے اور قومی مزاحمتی محاذ کو بھاری نقصان پہنچایا ہے۔ جبکہ فرنٹ کا کہنا ہے کہ اس کا وادی کے تمام داخلی راستوں پر کنٹرول ہے اور طالبان کے سینکڑوں جنگجو ہلاک ہوگئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ مذاکرات ناکام ہونے کے بعد جنگجو پنجشیر وادی میں داخل ہو گئے ہیں۔ بی بی سی فارسی نے این آر ایف کے ترجمان فہیم دشتی کے حوالے سے بتایا کہ مذاکرات ناکام ہوئے کیونکہ دونوں فریقین کے مختلف مطالبات تھے۔ انھوں نے کہا کہ وہ دو محاذوں پر طالبان سے لڑ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

مستونگ ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعم بلوچ کو بہترین کارکردگی پر انجمن تاجران کے صدر ایوارڈ دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے مندے نک پہاڑ کے مقام پر خطرناک موڑ کا کٹائی کرکے روڈ کو کشادہ کردیا

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے مندے نک پہاڑ کے مقام پر خطرناک موڑ کا کٹائی کرکے روڈ کو کشادہ کردیا۔ اور روڈ کنارے کھائی کی طرف حفاظتی جنگلے نصب کرکے ان میں ٹائر اور چک پٹی لگائیے۔ جنگی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

عارف والا، اوباش نوجوان نے گھر میں گھس کر 15 سالہ یتیم بچی کو ہوس کا نشانہ بنادالا

عارف والا (آن لائن) اوباش نوجوان نے گھر میں گھس کر 15 سالہ یتیم بچی کو ہوس کا نشانہ بنادالا، ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 64/EB میں محمد امین کی بھتیجی علیشبہ بی بی کو گھر میں اکیلی پاکر اوباش شہزاد نے زبردستی گھس کر زیادتی کا نشانہ بنادالا اوباش موقعہ سے فرار ہوگیا ڈی پی او فیصل مختار کی ہدایت پر تھانہ صدر پولیس کی بروقت کاروائی اوباش شہزاد کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کردیا پولیس مصروف تفتیش ہے۔

رئیس ماجد شاہ کا سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار

سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے قومی سیاست کا ایک درخشندہ باب ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا ہے

تربت (آن لائن) سیاسی سماجی رہنما رئیس ماجد شاہ نے بلوچستان کے ایک عظیم ہستی سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر گہرے رنج وغم کی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ قوم ایک عظیم رہبر ورہنما سے محروم ہوگیا ہے سردار عطاء اللہ خان مینگل نواب خیر بخش مری شہید نواب اکبر خان بگٹی میر غوث بیزنجو بلوچ قوم کے عظیم سرمایہ تھے انہوں نے طویل عرصہ قید وبند کال کوٹھریوں میں ریاستی جبر کے خلاف بلوچ ومظلوم ومحکوم اقوام کی قومی سیاسی حقوق کی جدوجہد کرتے ہوئے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سرمایہ کاری اور بزنس کے بے شمار مواقع دستیاب ہیں، سعید احمد سرپرہ

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سہولیات فراہم کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام (NBDP) اور سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کے زیر اہتمام سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز کیلئے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا، اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو سعید احمد سرپرہ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری اور بزنس کے بے شمار مواقع دستیاب ہیں، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے خان امان اللہ خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

سردار عطاء اللہ مینگل نے ہمیشہ مظلوم طبقے کے لیے آواز بلند کیا، ذوالفقار طارقی

سب سیاستدان اپنی مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں عوامی حقوق کے لیے کوئی نہیں

کوئٹہ (این این آئی) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارقی شاہزلی میر شبیر احمد کھوسہ محمد شریف لانگو نے تحریری بیان میں تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے ہمیشہ مظلوم طبقہ کے لئے آواز بلند کیا اس نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی آپ نے بلوچستان کے ترقی وتعمیر کے لیے بھرپور کردار ادا کیا اور آپ کا یہ کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اب تو تمام سیاستدان مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں اور عوامی حقوق کے لیے کوئی آواز بلند کرنے والا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں بھی مانگی ڈیم دھرنے والوں کے مطالبات منانے کے سلسلے میں ریلی ومظاہرہ

پشتونخوامیپ اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد باچا خان چوک ہرنائی سے کیا گیا

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان کے دوسرے شہروں کی طرح ہرنائی میں بھی مانگی ڈیم دھرنے والوں کے مطالبات منانے کے سلسلے میں نواب ایاز جوگیزئی کی کال پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی اور مظاہرہ۔ حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی۔ حکومت سے فوری طور پر دھرنا مظاہرین کے چار مطالبات پر عمل درآمد کرنے پر زور۔ پشتونخوامیپ اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد باچا خان چوک ہرنائی سے کیا گیا۔ جس کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے، قاری نعیم اللہ جلالی

صوبائی حکومت کے پاس کوئی اختیار اور مینڈیٹ نہیں ہے، جمعیت علما اسلام (س)

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (س) ضلع کوئٹہ کے سینئر نائب امیر اور اتحاد اتفرا پاکستان کے چیئرمین قاری نعیم اللہ جلالی صاحب حافظ خلیل اللہ درویش اور شہزاد خان بازئی اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے زیارت کا دلخراش واقعہ سیکیورٹی حکومت کی ناقص کارکردگی کی بدترین مثال ہے گزشتہ روز ماگی ڈیم زیارت میں دلخراش سانحہ میں قیمتی جانوں کی ضیاع کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت وقت بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بسیمہ، کرہ گی میں بجلی کے لوڈ شیڈنگ کیخلاف شہریوں کیا احتجاجی ریلی

بسیمہ (آن لائن) بسیمہ کرہ گی میں بجلی کے لوڈ شیڈنگ کیخلاف شہریوں نے نماز جمعہ کے بعد نواحی علاقے کرہ گی سے احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی جامعہ مسجد کرہ گی سے شروع ہوکر کرہ گی بازار پہنچ کر مظاہرہ کی شکل اختیار کی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ملک نعیم خان بازئی کا سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ایکسائز ملک نعیم خان بازئی نے بزرگ سیاستدان و بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی صوبہ بلوچستان اور یہاں کے عوام کے حقوق کے لیے گرانقدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی مشیر نے کہا کہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ سوراب میں ٹارگیٹ کلنگ ایک بار پھر سر اٹھانے لگے

4 دنوں میں دو مختلف واقعات رونما ایک شخص قتل ایک زخمی، انتظامیہ امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام

سوراب (آن لائن) ڈسٹرکٹ سوراب میں ٹارگیٹ کلنگ ایک بار پھر سر اٹھانے لگے گزشتہ 4 دنوں میں دو مختلف واقعات رونما ایک شخص قتل ایک زخمی ہوگئے، انتظامیہ امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام تفصیلات کے مطابق سوراب شہر میں 3 دن قبل سرخ سوراب میں شہید حافظ محمد اسماعیل رکی کو ان کے شاپنگ سینٹر میں مغرب کے وقت نامعلوم مسلح افراد گھس کر فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا اس دلخراش واقعہ سے ہر ایک کی آنکھ نم ہوگئی۔ لیکن افسوس کہ 3 دنوں بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

دکی ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ لوکل ڈومیسائل کے حوالے سے میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

ملک میں ڈالر کی قیمت میں اضافے کی وجہ سامنے آگئی

کراچی (بی این ایم) ملک میں چند روز کے دوران ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافے کی وجہ سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا رپورٹ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پراچہ ایچ ظفر پراچہ کی جانب سے انکشاف کیا گیا ہے کہ افغانستان میں ڈالر کی طلب میں اضافے کے بعد پچھلے 3 روز سے بڑی تعداد میں پاکستان سے ڈالر کی اسمگلنگ ہورہی ہے۔

پیپلز پارٹی نصیر آباد کے زیر اہتمام ڈیرہ مراد جمالی شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال

ہڑتال کے باعث تمام چھوٹی بڑی کاروباری اور تجارتی مراکز بند رہے

تمبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے زیر اہتمام پٹ فیڈر کینال اور اس کے ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی قلت اور شہر میں بڑھتی ہوئی ڈکیتی واٹو مار سمیت دیگر بنیادی مسائل حل نہ ہونے کے خلاف ڈیرہ مراد جمالی شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جاری ہے ہڑتال کے باعث تمام چھوٹے بڑے کاروباری اور تجارتی مراکز بند رہے جبکہ پیپلز پارٹی سینٹرل الیکٹو کمیٹی کے ممبر سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی قیادت میں عمرانی ہاؤس بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، مختلف علاقوں میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 6 ستمبر کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد اور طوغی روڈ فیڈروں سے دن 12 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم سے برطانوی وزیر خارجہ ڈومینیک راب کی ملاقات

دوطرفہ امور، جنوبی ایشیا میں امن واستحکام سمیت افغانستان کی صورتحال اور ماحولیاتی تبدیلیوں پر تبادلہ خیال

بھارتی قابض فورسز نے سید علی گیلانی کی میت کی بھی بے حرمتی کی، مظلوم کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ توڑے ہیں، عمران خان کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم عمران خان نے برطانیہ کی جانب سے پاکستان کو بدستور ریڈ لسٹ میں رکھنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے عوام کو مسائل درپیش ہیں، چاہتے ہیں پاکستان سرمایہ کاروں کی ترجیحی منزل ہو۔ وزیر اعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم عمران خان سے برطانوی وزیر خارجہ ڈومینیک روب نے ملاقات کی جس میں افغانستان کی موجودہ صورتحال اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں جنوبی ایشیا میں امن واستحکام سمیت افغانستان کی صورتحال اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں وزیر اعظم عمران نے خان برطانیہ کی جانب سے پاکستان کو ریڈ لسٹ پر رکھنے کا معاملہ اٹھایا او بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

حاجی ریاض محمد حسنی کا سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی وقبائلی رہنما حاجی ریاض محمد حسنی نے بزرگ قوم پرست رہنما وسابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات کا سن کر دکھ اور افسوس ہوا عظیم بزرگ سیاستدان کا وفات بلوچستان کے لئے سانحہ سے کم نہیں ہے مرحوم کی سیاسی وقبائلی خدمات سنہرے حروف سے لکھا جائیگا کیونکہ وہ مظلوم طبقات کے حقوق کیلئے اپنے سخت موقف کے باعث مشہور تھے بزرگ قوم پرست بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

جنوبی ایشیا کے محفوظ ترین شہروں میں اسلام آباد دوسرے نمبر پر

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد نے جنوبی ایشیا کے محفوظ ترین شہروں کی فہرست میں دوسرا نمبر حاصل کرلیا ہے۔ دنیا کے محفوظ ترین شہروں پر نظر رکھنے والے ادارے نے رواں سال کے 6 ماہ کی فہرست جاری کردی ہے جس کے مطابق سروے کے مطابق اسلام آباد کا سیکیورٹی انڈیکس 71.08 فیصد رہا ہے۔ سروے کے مطابق پنجاب کے دارالحکومت لاہور کا جنوبی ایشیا کے محفوظ ترین شہروں کی فہرست میں 12 نمبر ہے، لیکن دنیا کے محفوظ ترین شہروں کی فہرست میں بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، 12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں پی ٹی آئی کی جیت یقینی ہے، داود خان اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات داود خان پانیزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ 12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں پی ٹی آئی کی جیت یقینی ہے جس انداز سے کارکنان اور کنٹونمنٹ بورڈ کے اہلیان علاقہ پی ٹی آئی کے امیدواران کے شانہ بشانہ کھڑے وہ قابل تعریف اور قابل تحسین ہے کیونکہ عوام سے بات سے بخوبی واقف ہوچکے ہیں کہ ماضی میں ہمیشہ انکے ووٹ سے اقتدار تک پہنچے اور عوامی مسائل بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد چیرنی کی جانب سے منعقدہ ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

علی گیلانی کے جسد خاکی کو چھیننا بھارتی حکمرانوں کا پاگل پن ہے، شہباز شریف

بھارتی قابض افواج نے جس طرح سید علی شاہ گیلانی کے جسد خاکی کو چھینا اور "گرفتار" کیا

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ ن کے صدر و اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی شہباز شریف نے کہا ہے کہ حریت پسند رہنما علی گیلانی کے جسد خاکی کو چھیننا بھارتی حکمرانوں کا پاگل پن ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹویٹ میں شہباز شریف نے لکھا کہ بھارتی قابض افواج نے جس طرح سید علی شاہ گیلانی کے جسد خاکی کو چھینا اور "گرفتار" کیا اور اہل خانہ کو وصیت بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

دعوت اسلامی کے جدوجہد کے الحمدللہ 40 سال مکمل

ملک بھر کی طرح وندر میں بھی یوم دعوت دھوم دھام جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

وندر (آن لائن) دعوت اسلامی کے جدوجہد کے الحمدللہ 40 سال مکمل ہونے پر ملک بھر کی طرح وندر میں بھی یوم دعوت دھوم دھام جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا یوم دعوت اسلامی کے موقع پر فیضان مدینہ وندر فیضان مدینہ ڈام میں عظیم الشان اجتماع کا انعقاد کیا گیا اجتماع کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت خوانی سے آغاز ہوا عظیم الشان اجتماع سے مبلغ دعوت اسلامی بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

ژوب ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سلیم اچکزئی کی خصوصی ہدایت پر سینٹری سپروائزر حضرت عمر کی سربراہی میں شہر کے مختلف مقامات پر صفائی کا کام جاری ہے

ٹوانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، اسفندیار خان

محکمہ توانائی کے رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں مجموعی طور پر 119 اسکیمیں شامل ہیں جس میں 48 جاری منصوبے اور 71 نئے منصوبے ہیں

صوبے میں توانائی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کی فزیبلٹی کرانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، اجلاس کو بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری اسفندیار خان کی زیر صدارت محکمہ توانائی کے رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل نئے اور جاری منصوبوں پر پیش رفت اور بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کی کارکردگی سمیت سولر اور ایل پی جی پر انٹیلنس کے حوالے سے جائزہ اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری توانائی صالح محمد بلوچ، بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید فراحت شاہ اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ محکمہ توانائی کے رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں مجموعی طور پر 119 اسکیمیں شامل ہیں جس میں 48 جاری منصوبے اور 71 نئے منصوبے ہیں۔ جاری اسکیموں کی اتھارٹریشن بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر وحید شریف عمرانی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بجلی گیس کی قیمتوں میں پہلے ہی متعدد بار ہوشربا اضافہ کیا جاتا رہا ہے، امیر بخش گجر

اب ایک بار پھر بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے

حکومت نے بیروزگاری مہنگائی لاقانونیت اور عوام کو اذیت دینے کے سوا کچھ نہیں دیا

نصیر آباد (این این آئی) آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی نائب صدر بلوچستان امیر بخش گجر نے کہا کہ بجلی گیس کی قیمتوں میں پہلے ہی متعدد بار ہوشربا اضافہ کیا جاتا رہا ہے اب ایک بار پھر بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے موجودہ حکومت نے بیروزگاری مہنگائی لاقانونیت اور عوام کو اذیت دینے کے سوا کچھ نہیں دیا حکومت نے تین سال عوام کو رلانے میں گزار دیے ہوشربا مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال دیا ہے عوام کی پریشانی پر حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہیے تاکہ عوام سکھ سانس لے سکے تبدیلی کے نعرے لگانے والی حکومت نے ملک میں مہنگائی کا طوفان برپا کرکے ثابت کردیا ہے کہ واقعی ملک میں تبدیلی آچکی ہے خدارا عوام کے حال پر رحم کھایا جائے اور تبدیلی والے نعرے کو تبدیل کیا جائے 14 فیصد گیس مہنگی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

خودساختہ قیمتیں مقرر کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، خورشید احمد

سرکاری مقرر کردہ پرائس لسٹ پر من وعن عملدرآمد کروایا جائے گا، ایس ڈی پی او

سبی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی وحید شریف عمرانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس ڈی پی او خورشید احمد، تحصیلدار نصیر ترین، اور انجمن تاجران کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی وحید شریف عمرانی نے کہا کہ خودساختہ قیمتیں مقرر کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان کارروائیوں میں تمام ایسوسی ایشن کو ملکر انتظامیہ کا ساتھ دینا ہوگا انہوں نے کہا کہ سرکاری مقرر کردہ پرائس لسٹ پر من وعن عملدرآمد کروایا جائے گا اس سلسلے میں پرائس بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

لاہور میں کمسن بچی پر کتا چھوڑنے والا شخص گرفتار

لاہور (آن لائن) لاہور کے علاقے اقبال ٹاؤن میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچی پر کتا چھوڑنے والے شخص کو گرفتار کرلیا۔ لاہور کے علاقے اقبال ٹاؤن میں گزشتہ روز ایک شخص نے 8 سالہ کمسن بچی پر کتا چھوڑ دیا جس سے وہ شدید زخمی ہوگئی، پولیس نے کارروائی کرتے بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

مقبوضہ کشمیر، سید علی گیلانی کے انتقال کے بعد سے مسلسل لاک ڈاؤن

بھارتی پولیس اور نیم فوجی دستوں کا گشت، شہریوں کو گھروں کے اندر رہنے کے احکامات

سرینگر (آن لائن) مقبوضہ کشمیر میں بزرگ حریت رہنما سید علی گیلانی کے انتقال کے بعد سے سیکیورٹی لاک ڈاؤن جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نئی بھارتی حکومت نے مقبوضہ وادی میں تقریباً مکمل مواصلاتی بلیک آؤٹ نافذ کر رکھا ہے۔ بھارتی پولیس اور نیم فوجی دستے سری نگر کا گشت کررہے ہیں اور شہریوں کو گھروں کے اندر رہنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ سید علی گیلانی بدھ یکم ستمبر کو وفات پاگئے تھے۔ ان کے فرزند نسیم گیلانی کے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

انسانی صحت سے جڑے معاملات انتہائی حساس اور اہمیت طلب ہیں، محمد علی اعجاز

خسرہ سے بچاؤ کی حفاظتی ویکسین لگانے کا آغاز 15 نومبر سے ہوگا، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ

اوکاڑہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کہا ہے کہ مہلک امراض کے تدارک کے لئے حکومتی اقدامات سرکاری اداروں کی مربوط کاوشوں سے مطلوبہ نتائج دے سکتے ہیں ہمیں ضلع کی سطح پر ایک ٹیم کے طور پر کام کرنا ہیں اور یہ اسی صورت ممکن ہے جب ہر محکمہ قومی نوعیت کے اس کام کو اولین فوقیت دے بچوں کو خسرہ جیسے مہلک مرض سے بچانے کے لئے طے شدہ شیڈول کے مطابق ویکسین کے عمل کو مکمل کیا جائے گا انسداد خسرہ ویکسین لگانے کے دوران محکمہ صحت کی فیلڈ ٹیموں کی ہر سطح پر مدد کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نومبر سے شروع ہونے والی انسداد خسرہ مہم کے انتظامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

سی پیک سٹی گوادر کو صرف سرمایہ داروں کا شہر بنایا جارہا ہے، ہدایت الرحمان بلوچ

گوادر مکران سمیت پورے بلوچستان کے مظلوم عوام کو ان کا بنیادی انسانی معاشی حقوق دینا ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ صوبائی اور وفاقی حکومت منتخب نمائندوں کو گوادر مکران سمیت پورے بلوچستان کے مظلوم عوام کو ان کا بنیادی انسانی معاشی حقوق دینا ہوں گے ہم پر مسلط بے حس بدعنوان لوگ مسلط ہے جو صرف ذاتی مفادات جانتے ہیں انہیں عوامی مسائل وپریشانیوں سے کوئی سروکار نہیں۔ جماعت اسلامی ہی اصل عوامی تبدیلی لائیگی عوام اور سربندن گوادر مکران سمیت بلوچستان بھر کے سلگتے عوامی مسائل بجلی لوڈشیڈنگ، بدعنوانی، بڑا مافیا، لینڈ مافیا کے مسائل حل کر بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر چمن کیپٹن جمعہ داد خان مندوخیل چمن میں منعقدہ کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

افغان طالبان پر اثر ورسوخ ہے لیکن کن